جامعہ علوم أثریہ جہلم کا اعزاز

احباب جماعت کیلئے یہ اطلاع باعث مسرت ہوگی کہ وفاق المدارس السلفیہ فیصل آباد کے زیر اہتمام سالانہ امتحانات میں جامعہ علوم أثریہ جہلم کے ایک ہونہار طالبعلم غلام مرتضیٰ ولد محمد طیب نے "ثانویہ عامہ" کے امتحانات میں پورے وفاق میں سب سے زیادہ نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی۔ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو گزشتہ دنوں جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں ایک پروقار تقریب میں انعامات سے نوازا گیا، اس تقریب میں جامعہ کی نمائندگی جامعہ کے سینئر استاذ مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے کی۔

سیالکوٹ میں منعقدہ "انعامی مقابلہ حسنِ تقریر" میں جامعہ کے طالبعلم کیلئے اول انعام

مورخہ 28 اپریل بروز ہفتہ جامعہ محمدیہ اہلحدیث میانہ پورہ سیالکوٹ میں اہلحدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام بعنوان "حضرت مولانا محمد ابراہیم میرؒ سیالکوٹی۔ ایک قابل فخر شخصیت" ایک "انعامی مقابلہ حسنِ تقریر" منعقد ہوا، جس میں جامعہ علوم أثریہ جہلم کے پانچ طلبہ (محمد فہد اکرم، حافظ عبدالغفور بن قاری عبدالرشید، معاذ عتیق، اکرام اللہ صدیق اور شاہد ندیم) نے حصہ لیا۔ ہمارے طالبعلم فہد اکرم کی تقریر کو سب نے سراہا۔ مگر جب رات گئے نتائج کا اعلان ہوا تو کسی غیر مستحق مقامی طالبعلم کو اول انعام دے دیا گیا۔ جس پر تمام شرکاء انگشت بدنداں رہ گئے !!! ہمارے شریکِ مقابلہ طلباء بھی مایوسی کا شکار ہو گئے اور بادلِ ناخواستہ حضرت الامیر المرکزیہ سینیٹر (معطل) پروفیسر ساجد میر صاحب۔ جو کہ تقریب میں مہمانِ خصوصی تھے۔ کے ہاتھ سے دوسرا انعام وصول کر لیا۔ مگر بھلا ہو بعض مقامی احباب کا کہ جن کی مداخلت سے اس زیادتی کا ازالہ کر دیا گیا ہے اور "حق بحق دار رسید" کے مصداق اب اول انعام طالبعلم فہد اکرم کو دے دیا گیا ہے جو کہ ایک عدد سائیکل کی شکل میں ہے۔

جامعہ أثریہ للبنات جہلم کی طالبہ کا اعزاز

وفاق المدارس السلفیہ فیصل آباد کے سالانہ امتحانات میں جامعہ أثریہ للبنات جہلم کی خوش قسمت طالبہ عظمیٰ غیاض نے "ثانویہ خاصہ" کے امتحان میں پاکستان بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

منتظمین جامعات (للبنین وللبنات) اساتذہ اور طلبہ کی طرف سے مذکورہ بالا خوش نصیب طلبہ کو مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ اور دعا ہے کہ اللہ رب العزت ان کے علم و عمل اور عمر میں برکت فرمائے۔ آمین۔

جامعہ علوم أثریہ جہلم کے ششماہی امتحانات

جامعہ کے تمام شعبہ جات اور شاخوں کے ششماہی امتحانات بتاریخ 30 مئی بمطابق 6 ربیع الاول بروز بدھ سے شروع ہو کر 7 جون بمطابق 14 ربیع الاول بروز جمعرات تک جاری رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔